2023年4月28日ジャング紙ラホール版3面

کراچی سے لاہور آنیوالی ٹرین میں خوفناک آگ، خاتون و 4 بچوں سمیت 7 زندہ جل گئے

اپریل ، 28 2023

لاہور (خصوصی نمائندہ) کراچی سے لاہور آنے والی کراچی ایکسپریس میں آتشزدگی کے باعث 4 بچوں اور خاتون سمیت 7 افراد زندہ جل گئے۔ مسافر کوچ مکمل طور پر تباہ ہو گئی، وزیر ریلوے نے کراچی ایکسپریس آتشزدگی واقعے میں تخریب کاری کا امکان ظاہر کر دیا۔ متاثر کو امدادی کاروائیاں مکمل ہونے اور مسافروں کو دیگر کوچز میں منتقل کر کے لاہور کی جانب روانہ کر دیا گیا۔ کئی مسافروں نے جان بچانے کے لئے چلتی ٹرین سے چھلانگ لگا دی، آگ لگنے کی اطلاع پر ٹرین ڈرائیور نے ٹرین ٹنڈو مستی خان ریلوے اسٹیشن کے قریب روک دی اور مسافروں کو ٹرین سے اتار دیا، ستر سالہ رابعہ بی بی متاثر کوچ سے چھلانگ لگانے پر شدید زخمی ہوئیں اور دم توڑ دیا۔ جاں بحق ہونے والے دوسرے مسافر کی تا حال شناخت نہیں ہو سکی۔ حادثہ میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کا تعلق اسلام آباد سے بتایا جاتا ہے جن کی نعشیں مقامی ہسپتال منتقل کر دی گئیں۔ وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق کا کہنا ہے کہ کراچی ایکسپریس آتشزدگی واقعے میں تخریب کاری کا امکان ہو سکتا ہے۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیر ریلوے کا کہنا تھا گزشتہ روز ٹرین کی بوگی میں آگ لگنے کا افسوسناک واقعہ پیش آیا، بظاہر لگ رہا ہے کہ ٹرین کی بوگی میں آگ شارٹ سرکٹ کے باعث لگی۔